16-07-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سازش کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے کام کرتا رہے گا۔

2- بھارت نے بنگلہ دیش سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ ممتاز فلم ساز ستیہ جیت رَے کی موروثی املاک کو منہدم نہ کرے، بھارت نے اِس آئیکونک عمارت کو محفوظ کرنے کے لیے مدد کی پیش کش کی۔

3- بھارت کی منفرد شناخت سے متعلق اتھارٹی UIDAI نے والدین اور سرپرستوں سے کہا ہے کہ وہ سات سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کیلئے لازمی بایومیٹرک اَپ ڈیٹ کریں۔

4- روس نے، صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی 100 فیصد محصولات عائد کرنے کی دھمکی کو کم اہمیت دی ہے اور کہا ہے کہ ماسکو اِن اضافی پابندیوں سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔

5- بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے جھارکھنڈ، اوڈیشہ اور بہار سمیت مختلف ریاستوں میں دور دراز کے مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور: ہاکی کی بھارتی کھلاڑی دِیپکا نے Polygras Magic Skill Award 2024-25 حاصل کیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Jaishankar SCOؐ

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ پہلگام میں دہشت گردانہ حملہ جان بوجھ اور سوچی سمجھی سازش کے تحت کرایا گیا تھا، تاکہ جموں کشمیر میں سیاحت سے ہونے والی آمدنی کو نقصان پہنچایا جا سکے اور مذہبی طور پر لوگوں کو تقسیم کیا جا سکے۔ کل شام چین کے Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم کے وزراء خارجہ کی کونسل کی میٹنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کے معاملات پر سخت موقف اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ 22 اپریل کو کیے گئے دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی جانب سے سخت مذمت کا ذکر کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ دہشت گردی کی اس قابلِ مذمت کارروائی کے ذمہ داروں، مالی معاونت کرنے والی قوتوں اور اس کی سازش میں ملوث افراد کو جوابدہ بنایا جائے۔

انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بھارت جموں کشمیر دہشت گردانہ حملے کی سازش کرنے والوں کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کے لیے کام کرتا رہے گا۔

بین الاقوامی نظام میں حالیہ بے ضابطگی کو اُجاگر کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ معاشی عدم استحکام بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت نے، SCOمیں اسٹارٹ اَپ، اختراع سے لے کر، روایتی ادویات اور ڈیجیٹل سرکاری بنیادی ڈھانچے تک کے شعبوں میں بہت سے اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ SCO کے اندر زیادہ اشتراک کے لیے مزید تجارت، سرمایہ کاری اور آپسی تعاون کی ضرورت ہے۔

انہوں نے SCO کے اندر یقینی راہداری کی کمی کا ذکر کیا، جس سے سنجیدہ طور پر معاشی شعبوں میں تعاون کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ جناب ایس جے شنکر نے بین الاقوامی شمال جنوب ٹرانسپورٹ کوریڈور کے فروغ پر بھی زور دیا۔×

MEA Satyajit Ray Bangladesh

بھارت نے، بنگلہ دیش سے کہا ہے کہ وہ ممتاز فلمساز ستیہ جیت رے کی موروثی عمارت کو منہدم کرنے کے اپنے فیصلے پر نظرِ ثانی کرے۔ بھارت نے، اُس موروثی عمارت کے تحفظ میں مدد کرنے کی پیشکش کی ہے، کیونکہ وہ بنگلہ ثقافتی نشاۃ ثانیہ کی ایک علامت ہے۔ Mymen singh کے مقام پر اُس اہم عمارت کو منہدم کرنے کے اقدام کا ذکر کرتے ہوئے بھارت نے بنگلہ دیش سے اپیل کی ہے کہ وہ اس عمارت کو دونوں ملکوں کے مشترکہ ثقافت کی علامت کے طور پر ایک میوزیم میں تبدیل کر دے۔ بھارت نے، اس کے لیے بنگلہ دیش کو تعاون دینے کا عزم بھی ظاہر کیا ہے۔ یہ آئیکونِک اور اہم عمارت ستیہ جیت رے کے دادا اور مشہور ادیب اوپیندر کشور رائے چودھری کی ہے۔

وزارتِ خارجہ کی طرف سے یہ ردِّ عمل اِن خبروں کے بعد سامنے آیا ہے کہ اُس موروثی عمارت کو بنگلہ دیش کے حکام منہدم کر دیں گے۔×

UIDAI Aadhar Update

بھارت کی منفرد شناخت سے متعلق اتھارٹی UIDAI نے والدین اور سرپرستوں پر زور دیا ہے کہ وہ سات سال یا اس سے زیادہ کی عمر کے بچوں کیلئے لازمی بایومیٹرک اپ ڈیٹ کریں۔

ایک رپورٹ

V/C Manik

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت نے کہا ہے کہ موجودہ رہنما خطوط کے تحت بدلتی ہوئی وجوہات کے سبب پانچ سال سے کم عمر کے بچے کو اپنی انگلیوں کے نشانات اور اسکین فراہم نہیں کرنے ہوں گے۔

اس نے مزید کہا ہے کہ جب بچہ پانچ سال کا ہوجائے تو یہ بایومیٹرک اپ ڈیٹ کیا جانا چاہیے اور اگر اسے پانچ سے سات سال کی عمر کے درمیان میں کیا جائے تو یہ مفت ہے۔

موجودہ ضابطوں کے مطابق سات سال کی عمر کے بعد اگر لازمی بایومیٹرک اپ ڈیٹ نہیں کیا جاتا ہے تو آدھار نمبر کام کرنا بند کرسکتا ہے-x

UIDAIنے لازمی بایومیٹرک اپ ڈیٹ مکمل کرنے کے لیے اِس طرح کے بچوں کے آدھار میں رجسٹرڈ موبائل نمبروں پر SMS پیغامات بھیجنے شروع کردیے ہیں-x

مانِک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.........

Health Ministry Street Food

صحت کی مرکزی وزارت نے میڈیا کو اُن رپورٹس کو مسترد کردیا ہے جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ وزارت نے سموسہ، جلیبی اور لڈّو جیسی کھانے کی چیزوں پر انتباہ کے Lebels جاری کیے جانے کی ہدایت دی ہے-

ایک بیان میں وزارت نے کہا ہے کہ یہ اطلاعات گمراہ کُن، غلط اور بے بنیاد ہیں- اُس نے کہا ہے کہ وزارت نے علیحدہ سے ایک ایڈوائزری جاری کی تھی جو کام کی جگہوں پر کھانے کی بہتر چیزوں کا انتخاب کیے جانے کی سمت ایک پہل ہے-

یہ مشورہ لابی، کینٹین، کیفیٹیریا اور میٹنگ رومس جیسی کام کی مختلف جگہوں پر ایسے بورڈس لگانے کا ہے تاکہ مختلف کھانوں میں چربی اور چینی کی زائد مقدار کے استعمال کے نقصانات سے متعلق بیداری پیدا کی جا سکے-

یہ بورڈس روزمرہ، یاد دہانی کے طور پر کام کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں تاکہ موٹاپے کے خلاف مہم میں مدد حاصل ہو سکے، جس کا رجحان ملک میں تیزی سے بڑھ رہا ہے-

صحت کی وزارت کے مشورے میں کھانے کی اُن اشیا پر انتباہ سے متعلق Lebels لگانے کی کوئی ہدایت شامل نہیں ہے، جو دکانداروں کے ذریعے فروخت کی جاتی ہیں-x

Telangana CM Visit

سڑک ٹرانسپورٹ شاہراہوں اور Corporate امور کے وزیر مملکت ہرش ملہوترا نے اعلان کیا ہے کہ پوری تلنگانہ ریاست میں سڑک کے کنارے 22 مزید سہولیات WSAs قائم کی جائیں گی- انھوں نے گل

Komaram Bheem Asifabad

ضلعے میں Mandamarri Toll Plaza کے نزدیک ایک WSA کا جائزہ لیا-

وزیر موصوف نے بتایا کہ بھارت کی قومی شاہراہوں سے متعلق اتھارٹی ایندھن اسٹیشن، اسٹیشنز، EVچارجنگ پوائنٹ، صاف ستھرے بیت الخلا، پینے کا صاف پانی، پارکنگ والے علاقے اور ٹرک ڈرائیوروں کے لیے آرام دہ مقامات جیسی لازمی سہولتوں کو فی الحال فروغ دے رہا ہے-x

S/B Harsh Malhotra

SC Political Parties

سپریم کورٹ نے، سیاسی پارٹیوں کے بارے میں اس بات پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ وہ ووٹ حاصل کرنے کے لیے علاقائی پرستی اور مذہب کو استعمال کر رہی ہیں۔ اُس نے اسے ایک خطرناک قدم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے معاشرے میں فرقہ وارانہ تقسیم کو فروغ ملے گا۔ جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس Joymalya Bagchi کی ایک بنچ نے کہا ہے کہ اس طرح کے عمل سے بھارت کے اتحاد اور یکجہتی کو خطرہ پیدا ہوگا۔

سپریم کورٹ کا یہ بیان آل انڈیا مجلسِ اتحادالمسلمین کے رجسٹریشن کو منسوخ کرنے کی درخواست مسترد کرنے کے بعد سامنے آیا۔ عدالت نے کہا ہے کہ وہ کسی ایک پارٹی کو نشانہ نہیں بنائے گی، جبکہ کئی پارٹیاں اسی طرح کے طرز عمل کی قصوروار ہیں۔

عدالت نے اُس درخواست دہندہ کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ایک ایسا کیس درج کرے، جس میں آل انڈیا مجلسِ اتحادالمسلمین کے رجسٹریشن کو منسوخ کرنے کے بجائے انتخابی اصلاحات پر توجہ دی سکے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Russia US Tariff

روس کے وزیر خارجہ Sergey Lavrov نے روس اور اُس کے حلیف ملکوں پر 100 فیصد محصولات نافذ کرنے کے امریکی صدر ڈونلڈ کی دھمکی کو کم اہمیت دی ہے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ماسکو اضافی پابندیوں سے نمٹنے کے لیے تیار ہے۔

چین کے شہر Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم کے وزراء خارجہ کی کونسل کی میٹنگ کے بعد ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے Lavrov نے کہا کہ روس پہلے ہی اِن پابندیوں کی زد میں ہے اور انہوں نے کسی بھی نئے بوجھ سے نمٹنے کے لیے ملک کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کیا۔

اُن کا یہ بیان اُس وقت سامنے آیا، جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یہ دھمکی دی کہ اگر روس 50 دن کے اندر یوکرین جنگ ختم نہیں کرتا تو وہ اُس پر 100 فیصد ثانوی محصولات نافذ کر دے گا۔×

India UN Peacekeeping

بھارت نے اقوام متحدہ کے امن فوجیوں کے خلاف کیے گئے جرائم کے لیے انصاف کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کو سختی سے دہرایا ہے، اور عالمی سطح پر امن مشن کی کامیابی کے لیے جوابدہی کو ایک اسٹریٹجک ضرورت قرار دیا ہے۔

جوابدہی کو فروغ دینے کے لیے گروپ آف فرینڈس کی ایک اعلیٰ سطحی UN میٹنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے ٹی ہریش نے کہا کہ اقوام متحدہ کے

قیام امن فوجیوں کو خطرناک علاقوں میں اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے، سنگین خطرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس کے باوجود اُن کے خلاف کیے گئے بیشتر جرائم کا نوٹس نہیں لیا جاتا۔

انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جوابدہی کی کمی سے بین الاقوامی امن کوششوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ بھارت نے گزشتہ 70 سال میں 3 لاکھ سے زیادہ فوجیوں کو قیام امن کی کوششوں میں مختلف ملکوں میں بھیجا ہے۔x

## Iran Indian Advisory

ایران میں بھارتی سفارتخانے نے بھارتی باشندوں پر زور دیا ہے کہ وہ ایران کے غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ سفر سے متعلق یہ ایڈوائزری پچھلے کچھ ہفتوں سے خطے میں بڑھتی سکیورٹی تشویش کے تناظر میں جاری کی گئی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں سفارتخانے نے بھارتی باشندوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ایران کا غیر ضروری سفر کرنے سے قبل موجودہ صورتحال کے بارے میں بہت دھیان سے غور کریں۔ سفارتخانے نے تازہ علاقائی صورتحال کی نگرانی کرنے اور بھارتی حکام کے ذریعے اپ ڈیٹڈ ایڈوائزری پر عمل کیے جانے کا بھی مشورہ دیا ہے۔x

## AI Appreciation Day

آج پورے ملک میں مصنوعی ذہانت کی پزیرائی کا دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بھارت کے بڑھتے عالمی کردار کی عکاسی کرتا ہے۔ حیدرآباد اور بینگلورو جیسے ٹیکنالوجی کے مراکز سے دیہی علاقوں تک مصنوعی ذہانت، حفظانِ صحت، تعلیم، زراعت، گورننس اور صنعتی اداروں میں تبدیلی کا محرک ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ......

## Desk Report

بھارت کا مصنوعی ذہانت کا سفر 1960 میں کمپیوٹر سائنس میں جاری تحقیق کے ساتھ شروع ہو گیا تھا۔ اِس ضمن میں 1986 کا سال ایک سنگِ میل ثابت ہوا، جب معلومات پر مبنی کمپیوٹر سسٹم پروجیکٹ کا آغاز ہوا۔ 1990 میں سی-ڈیک جیسے ادارے کی جانب سے جدید سُپر کمپیوٹر کو مصنوعی ذہانت کا ابتدائی دور کہا جا سکتا ہے۔ سال 2000 تک آئی ٹی کمپنیوں جیسےTCS ، Infosysاور Wipro نے مصنوعی ذہانت میں سرمایہ کاری شروع کی، جبکہ یونیورسٹیوں نے اِس شعبے میں صلاحیت سازی کے ضمن میں اہم رول ادا کیا۔ 2015 میں ڈیجیٹل انڈیا کی پیش رفت اور 2018 میں نیتی آیوگ کی حکمت عمل نے مصنوعی ذہانت میں ترقی کے نئے راستے کھول دیے۔ آج بھارت مصنوعی ذہانت کے شعبے میں عالمی سطح پر قائدانہ رول ادا کر رہا ہے۔

ڈیسک رپورٹ کے ساتھ میں عبدالواحد

## Rev. IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے راجستھان مشرقی اور وسطی بھارت سے ملحقہ علاقوں میں اگلے دو سے تین روز کے دوران شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینامنی نے کہا کہ جھارکھنڈ، بہار اور اوڈیشہ کے دور دراز کے مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ جنوبی بہار اور جھارکھنڈ میں موسم کے تعلق سے اورینج الرٹ بھی جاری کیا گیاہے۔

S/B Jenamani

جھارکھنڈ میں رانچی سمیت آٹھ ضلعوں میں دور دور تک موسلہ دار بارش ہونے کے تعلق سے ایک Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ چھ ضلعوں میں بہت زور دار بارش کے لیے ایک اورینج الرٹ بھی جاری کیا گیا ہے۔ ایک رپورٹ:

V/C Shilpi

جھارکھنڈ کے 6 ضلعوں جن میں ہزاری باغ، گیریڈیہہ، کوڈرما اور پلامو شامل ہیں، اگلے 24 گھنٹوں میں شدید بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ رانچی کے موسمیاتی مرکز کے ڈپٹی ڈائریکٹر اور سینئیر سائنسدان ابھیشیک آنند کا کہنا ہے کہ شدید ہواؤں کے جھکڑوں کی وجہ سے چھینٹیں پڑنے کا امکان ہے۔ گنگا کے کنارے کے جنوب مشرقی بنگال اور بنگلہ دیش سے ملحق علاقوں میں ہوا کا شدید دباؤ بن رہا ہے، جس کے اگلے 24 گھنٹے میں مغرب سے شمال مغرب کی سمت بڑھنے کا امکان ہے، جس سے شدید بارش ہوگی۔ جھارکھنڈ میں یکم جون سے معمول سے 61 فیصد زیادہ بارش ہوئی ہے۔

J&K Amarnath Yatra

جموں و کشمیر میں، کشمیر کے بلند و بالا مقامات پر موسم کی خراب صورتحال کے باوجود سالانہ امرناتھ یاترا خوش اسلوبی سے جاری ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں یاتری پوتر گپھا کی طرف جا رہے ہیں۔ سخت سیکیورٹی انتظامات کے تحت آج صبح سویرے چھ ہزار 64 یاتریوں پر مشتمل، 15واں جتھا، امرناتھ گپھا کے درشن کرنے کے لیے بھگوتی نگر یاتری نِواس کیمپ سے کشمیر وادی کے لیے روانہ ہوا۔ یہ یاتری 234 گاڑیوں کے ایک قافلے میں بیس کیمپ سے روانہ ہوئے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ کل 13ہزار 490 یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کیے اور پوجا ارچنا کی، جس میں 9 ہزار 96 مرد، 3 ہزار 456 خواتین، 199بچے، 81 سادھو اور سادھویاں شامل تھیں۔ 568 سیکیورٹی اہلکار بھی پوتر گپھا کے درشن کر چکے ہیں۔

اِس سال اُن یاتریوں کی مجموعی تعداد دو لاکھ 34 ہزار ایک تک پہنچ گئی ہے جو پوتر گپھا کے درشن کر چکے ہیں۔x

PM Uttarakhand Accident

وزیراعظم نریندر مودی نے اتراکھنڈ کے پتھوڑا گڑھ میں سڑک حادثے کے سبب انسانی جانوں کے اتلاف پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اِس حادثے میں 8 افراد ہلاک اور 4 شدید طور پر زخمی ہوئے

ہیں۔ وزیراعظم نے زخمی افراد کی جلد صحتیابی کی دعا کی اور حادثے میں ہلاک ہونے والوں کے قریبی لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم مودی نے وزیراعظم کے قومی راحتی فنڈ سے متاثرین کے قریبی رشتہ داروں کو دو-دو لاکھ روپے کی امداد دیے جانے کا اعلان کیا ہے۔ زخمیوں کو 50 ہزار روپے دیے جائیں گے۔

یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا تھا جب کَل شام پتھوڑا گڑھ ضلعے کے Muwani علاقے میں Thal پتھوڑا گڑھ سڑک پر یہ گاڑی دریا میں جاگری تھی۔ زخمی افراد کو نزدیک کے اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔x

## Israel Gaza

غزہ پٹی میں، اسرائیل کے ہوائی حملوں میں 90 سے زیادہ لوگ ہلاک ہو گئے ہیں۔ یہ حملہ پیر کی شام کو کیا گیا تھا، جو 24 گھنٹے کے اندر سب سے مہلک حملہ بتایا جاتا ہے۔ غزہ کی وزارتِ صحت نے کل بتایا کہ اِن حملوں میں 278 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، جنہیں مختلف اسپتالوں میں علاج کے لیے بھرتی کرایا گیا ہے۔

Tel al-Hawaضلعے میں ایک ہی کنبے کے 19 افراد اُس وقت ہلاک ہو گئے، جب اُن کے گھر کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ 4 افراد ایک پناہ گزیں خیمے میں مارے گئے۔

شمال Shati پناہ کیمپ میں حماس کا ایک 68 سالہ قانون ساز اپنے 6 بچوں کے ساتھ مارا گیا، جو اسی عمارت میں پناہ لیے ہوئے تھا۔ اسرائیلی فوج نے اِن ہوائی حملوں پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔
x

## Hockey Award

بھارتی خواتین کی ہاکی ٹیم کی کھلاڑی Deepika نے، FIHپرو لیگ میں، نیدرلینڈ کے خلاف شاندار گول کرنے کے لیے Poligras Magic Skill Award 2024-25 حاصل کیا ہے۔ یہ ایوارڈ ہاکی میں انفرادی طور پر شاندار کارکردگی کے لیے دیا جاتا ہے۔ ایوارڈ دینے کا فیصلہ 4 سے 13 جولائی کے دوران عالمی سطح پر شائقین کے ووٹ سے کیا گیا۔x

## Chess Fide Women's World Cup

شطرنج میں بھارت کی R. Vaishali, Harika Dronavalli, Koneru Humpyاور Divya Deshmukhآج جارجیا کے Batumi میں خواتین کے FIDE عالمی کپ کے چوتھے راؤنڈ میں اپنی حریف کھلاڑیوں کے ساتھ مقابلہ کریں گی۔ اس کا مقصد بھارتی کھلاڑیوں کو کوارٹر فائنل میں جگہ بنانا ہے۔ حالانکہ Vantika Agarwal واحد بھارتی شطرنج کھلاڑی ہیں، جو تیسرے راؤنڈ میں ہی باہر ہو گئیں۔ وہ ٹائی بریک میں Kateryana Lagno سے ہار گئیں۔

پری کوارٹر فائنل میں Vaishali قزاقستان کی Meruert Kamalidenova کا سامنا کریں گی، جبکہ Divya چین کی Zhu Jiner سے مقابلہ کریں گی۔

Humpyسوئٹزرلینڈ کی Alexandra Kosteniuk کے خلاف کھیلیں گی اور Hairka ایک بار پھر Lagno کا سامنا کریں گی۔×

Football U20 Women

بھارت کی 20 سال سے کم عمر کی خواتین فٹ بال ٹیم آج تاشقند کے Do'stlik اسٹیڈیم میں ازبیکستان کے خلاف اپنا دوسرا اور آخری دوستانہ میچ کھیلیں گی۔ میچ بھارت وقت کے مطابق شام ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔

پیر کو پہلے دوستانہ میچ میں بھارت اور ازبیکستان کے درمیان میچ ایک-ایک گول سے برابر ہو گیا تھا۔ دونوں ہی ٹیمیں خواتین کے ایشین کوالیفائر AFC-U20 کے لیے تیاریاں کر رہی ہیں، جو اگلے ماہ شروع ہوگا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبد الواحد

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخبارات نے بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا کی زمین پر واپسی کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریا سہارا کی سرخی ہے، ملک بھر میں جشن کا ماحول، وزیر اعظم نے مبارکباد دی۔

چین کے صدر Xi Jin ping سے وزیر خارجہ ایس جے شنکر کی ملاقات کو سبھی اخباروں نے صفحۂ اول پر نمایاں طور سے شائع کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ کی سرخی ہے دو طرفہ تعلقات میں حالیہ پیش رفت اور علاقائی استحکام جیسے موض وعات پر تبادلۂ خیال۔

Teslaکار کے ممبئی میں شو روم کھلنے کی خبر کو بھی اردو اخبارات نے نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے ایلون مسک کی کمپنی نے بھارت میں رکھا قدم، یہ شو روم محض فروخت کا مرکز نہیں بلکہ ایک تجرباتی مرکز بھی ہوگا۔

عالمی خبروں کے صفحے کی چند اہم سرخیاں کچھ اِس طرح ہیں :-

* یوکرین میں 50 دن کے اندر جنگ بند کرے روس ورنہ نئی پابندیاں عائد کی جائیں گی: امریکی صدر ٹرمپ

* سفارت کاری کا میدان کھلا ہے، مگر جوابی کارروائی کے لیے بھی تیار ہیں: ایرانی صدر

* سعودی عرب میں فضائی ٹکٹوں کی قیمت میں اضافہ

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سازش کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے کام کرتا رہے گا۔

2- بھارت نے بنگلہ دیش سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ ممتاز فلم ساز ستیہ جیت رَے کی موروثی املاک کو منہدم نہ کرے، بھارت نے اِس آئیکونک عمارت کو محفوظ کرنے کے لیے مدد کی پیش کش کی۔

3- بھارت کی منفرد شناخت سے متعلق اتھارٹی UIDAI نے والدین اور سرپرستوں سے کہا ہے کہ وہ سات سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کیلئے لازمی بایومیٹرک اَپ ڈیٹ کریں۔

4- روس نے، صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی 100 فیصد محصولات عائد کرنے کی دھمکی کو کم اہمیت دی ہے اور کہا ہے کہ ماسکو اِن اضافی پابندیوں سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔

5- بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے جھارکھنڈ، اوڈیشہ اور بہار سمیت مختلف ریاستوں میں دور دراز کے مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور: ہاکی کی بھارتی کھلاڑی دِیپیکا نے Polygras Magic Skill Award 2024-25 حاصل کیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔